# 31-10-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم مودی نے وکست بھارت کے خواب کو پورا کرنے ملک کے شہریوں پر دیا زور۔

۲۔حکومت مونتھا طوفان سے فوت ہونے والے افراد کے خاندانوں کو 5لاکھ روپے ایکس گریشیا فراہم کرے گی اور فصلوں سے متاثر ہونے والے کسانوں کو فی ایکر 10 ہزارروپے کی امداد فراہم کرے گی۔

۳۔ریاستی وزیر سریدھر بابو نے طوفان سے متاثرہ افراد کی مالی مدد کی فراہمی کیلئے آگے آنے کارپوریٹ اداروں پر دیا زور۔

اور

۴۔نائب وزیراعلیٰ کی ہدایت پر سرکاری ملازمین کے بقایاجات کے علاوہ پنچایت راج آر اینڈ بی سے تعلق رکھنےوالے زیرالتوا ئبلوں ایک ہزار کروڑ روپےکو محکمہ فینانس کے عہدیداروں نے جاری کیا۔

oath ceremony

ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان و کانگریس سینئر لیڈر محمد اظہرالدین نے ریاستی وزیر کے عہدہ کا حلف لیا۔راج بھون میں گورنر جشنو دیو ورما نے محمد اظہرالدین کو وزیر کے عہدہ کا حلف دلایا۔

Sound Byte Azhar

اس تقریب میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی ، نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا، ریاستی وزرا اور اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔ ریاست میں سابق میں ہوئے اسمبلی انتخابات کے بعد 2023ء میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں قائم ہونے والی حکومت میں پہلی مرتبہ مسلم اقلیتی طبقہ کے قائد کو وزیر بنایا گیا ہے۔محمد اظہرالدین کے وزارت کے عہدہ کا حلف لینے کے بعد وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی کابینہ میں وزرا کی تعداد 16 ہوگئی ہے۔محمد اظہرالدین کو ابھی قلمدان نہیں دیا گیا ہے۔

Sardar Vallabhbhai Patel

سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے کہا کہ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے ملک کیلئے وزیراعظم کے عہدہ کی قربانی دی تھی۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل کی 150 ویں یوم پیدائش تقریب گن پارک پر واقع سردار ولبھ پٹیل کے مجسمہ پر منعقد کی گئی۔ اس موقع پر وینکیا نائیڈو نے سردار ولبھ پٹیل کو خراج عقیدت پیش کیا۔

Sound Byte

اس تقریب میں مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے کہا کہ آپریشن پولو کے ذریعہ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے حیدرآباد کو انڈین یونین میں ضم کرلیا۔ اس تقریب میں مہاراشٹرا کی وزیر آشیش سلار، راجیہ سبھا کے رکن ڈاکٹر کے لکشمن، بی جے پی کے ریاستی صدر ایم رام چندر راؤ، ارکانِ پارلیمنٹ، ارکانِ اسمبلی نے شرکت کی اور سردار ولبھ بھائی پٹیل کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر بشیر باغ چوراستہ پر واقعہ بابو جگجیون رام کے مجسمہ سے گن پارک پر واقع سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسمہ تک رن فار یونٹی کا بھی اہتمام کیا گیا۔

President

سردار ولبھ بھائی پٹیل کی 150 ویں یوم پیدائش تقریب نیو دہلی کے پٹیل چوک پر منعقد کی گئی۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سردار ولبھ بھائی پٹیل کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے ملک کے اتحاد کیلئے کام کیا تھا جبکہ اس موقع پر مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ ، دہلی کے وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا، دہلی کے لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینہ نے بھی سردار ولبھ بھائی پٹیل کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

Rev PM Gujarat

وزیراعظم مودی نے وکست بھارت کے خواب کو پورا کرنے کے لئے ملک کے شہریوں کو متحد ہو کر قوم کی ترقی کیلئے کام کرنے پر زور دیا۔ گجرات کے ایکتانگر میں آج سردار ولبھ بھائی پٹیل کی 150 ویں یوم پیدائش تقریب منعقد کی گئی۔اس موقع پر وزیراعظم نے راشٹریہ ایکتا دیوس کے پروگرام سے خطاب کیا ۔اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ 2014ء سے قبل ملک بھر میں 100 اضلاع نکسلائٹس سے متاثر تھے۔ اب ان کی تعداد میں کمی آئی ہے اور 11 اضلاع ہی نکسلائٹس سے متاثر ہیں اور اب تین اضلاع میں ہی نکسلائٹس کا زیادہ اثر پایا جاتا ہے۔

Sound Byte. PM Modi

وزیراعظم مودی نے کہا کہ کسی بھی امتیازی سلوک کے بغیر غربت کے خاتمہ اور ملک کی ترقی کیلئے حکومت کام کررہی ہے اور اس میں حکومت کو کامیابی ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک صدی کے دوران 25 کروڑ افراد کو سطح غربت سے اوپر لایا گیا۔اس موقع پر وزیراعظم نے اسٹیچو آف یونٹی پر سردار ولبھ بھائی پٹیل کو خراجِ عقیدت بھی پیش کیا اور ایکتا دیوس کا حلف لیا۔

CM Aerial Survey

مونتھا طوفان سے متاثر ہونے والے متحدہ میدک ورنگل اضلاع کا وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے فضائی سروے کے ذریعہ معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے ہنمکنڈہ میں سیلاب سے متاثرہ مقامات کا دورہ بھی کیا اور سمیا نگر، کاپوواڑہ اور دیگر مقامات پر بارش سے متاثر ہونے والے مکانات اور سڑکوں کا جائزہ لیا اور متاثرین سے ملاقات کرتے ہوئے ان کو ہمت دلائی اور حکومت کی جانب سے ممکنہ مدد کا تیقن دیا۔ اس موقع پر ریاستی وزراء پی سرینواس ریڈی، پونم پربھاکر، کونڈا سریکھا، ارکان اسمبلی، ارکانِ پارلیمنٹ اور دیگر موجود تھے۔

Aspiration Black

مرکزی وزیر وی بھو نائک نے مرکزی حکومت کی جانب سے آغاز کئے گئے آسپریشن بلاک پروگرام کو سختی سے عمل کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے اس پروگرام کے تحت منتخب ہونے والے مختلف بلاکس، کلکٹرس اور عہدیداروں سے ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ انہوں نے پسماندہ علاقوں کی ترقی کیلئے عمل میں لائے جانے والے اِس پروگرام کو کامیابی کے ساتھ عمل میں لانے کلی ہدایت دی۔ اس ویڈیو کانفرنس میں نرمل ضلع کلکٹر نے بھی شرکت کی۔

Patel Jayanti

ملک کے مرد آہن سردار ولبھ بھائی پٹیل کی یوم پیدائش تقریب ریاست بھر میں راشٹریہ ایکتا دیوس کے طور پر منائی گئی۔ اس موقع پر ریاست کے مختلف اضلاع میں رن فار یونٹی کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر قائدین نے سردار ولبھ بھائی پٹیل کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

Peoples Plaza

حیدرآباد کے نکلس روڈ پر سردار ولبھ بھائی پٹیل کی یوم پیدائش کے موقع پر رن فار یونٹی کا اہتمام کیا گیا۔ اِس پروگرام میں ڈی جی پی شیودھر ریڈی، معروف فلم اداکار چرنجیوی اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر چرنجیوی نے سردار ولبھ بھائی پٹیل کے خوابوں کو پورا کرنے عوام پر زور دیا۔

Sound Byte Chiranjeevi

چرنجیوی نے رن فار یونٹی میں شرکت کرتے ہوئے پولیس ملازمین اور نوجوانوں میں جوش پیدا کیا۔ اس موقع پر ڈی جی پی شیوادھر ریڈی نے کہا کہ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے ملک کے 565 دیسی ریاستوں کو متحد کرتے ہوئے ایک متحدہ ملک بنایا۔ اس موقع پر حیدرآباد کے پولیس کمشنر سجنار نے بھی خطاب کیا۔

Maharashtra Minister

مہاراشٹرا کے ریاستی وزیر سینماٹوگرافی آشیش سیلار اور تلنگانہ کے وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے سکریٹریٹ میں خیر سگالی طور پر ملاقات کی۔ اس موقع پر مہاراشٹرا کے وزیر نے مراٹھا ملٹری لینڈ اسکیپ آف انڈیا نامی کافی ٹیبل بک جوپلی کرشنا راؤ کو پیش کی۔ اس موقع پر دونوں ورزا نے دونوں ریاستوں کے درمیان سیاحتی ترقی اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا جبکہ اس موقع پر مہاراشٹرا کے وزیر آشیش سیلار نے ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی سے بھی ملاقات کی اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

BJP State President

بی جے پی کے ریاستی صدر نے آج ضلع نلگنڈہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طوفان سے متاثرہ کسانوں اور عوام سے ملاقات کی اور چٹیالا مارکٹ یارڈ میں کسانوں سے بات کرتے ہوئے فصلوں کو ہونے والے نقصانات کے بارے میں معلومات حاصل کی اور انہوں نے سوریہ پیٹ کھمم ضلع کا بھی دورہ کیا۔

CM Ex Gratia

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی متحدہ ضلع ورنگل اور میدک کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت مونتھا طوفان سے فوت ہونے والے افراد کے خاندانوں کو 5 لاکھ روپے ایکس گریشیا فراہم کرے گی اور فصلوں سے متاثر ہونے والے کسانوں کو فی ایکر 10 ہزار روپے کی امداد دی جائے گی اور بارش سے متاثر ہونے والے مکانات کو 15 ہزار روپے دئے جائیں گے۔ انہوں نے بارش سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرنے کے بعد ورنگل میں عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا اور اس کے بعد میڈیا سے بات بھی کی اور انہوں نے نالوں پر تعمیر کئے گئے غیر مجاز تعمیرات کو ہٹانے عہدیداروں کو ہدایت دی اور 10 دنوں تک عہدیداروں کے رخصتوں کو منسوخ کرنے کا بھی اعلان کیا۔

Sound Byte Revanth Reddy

indira gandhi death anniversary

ملک کی سابق وزیراعظم و بھارت رتن اندرا گاندھی کی برسی حیدرآباد میں منائی گئی۔ نکلس روڈ پر واقع اندرا گاندھی کے مجسمہ پر تلنگانہ کے صدر پردیش کانگریس مہیش کمار گوڑ، ریاستی وزیر محمد اظہرالدین اور دیگر قائدین، ارکانِ پارلیمنٹ، ارکانِ اسمبلی نے اندرا گاندھی کے مجسمہ پر پھول پیش کرتے ہوئے خراج عقیدت پیش کیا۔

Dues Released

نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکا کی ہدایت پر سرکاری ملازمین کے بقایاجات کے علاوہ پنچایت راج آر اینڈ بی سے تعلق رکھنے والے زیرالتوائبلوں جس کی مالیت تقریباً ایک ہزار کروڑ روپے ہے اس کو محکمہ فینانس کے عہدیداروں نے جاری کیا۔ آج صبح پرجا بھون میں منعقد کئے گئے محکمہ فینانس کے اجلاس میں نائب وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو ہدایت جاری کی تھی۔ اس میں حکومت کے ملازمین کے بقایاجات 712 کروڑ ہیں جبکہ پنچایت راج اور آر اینڈ بی کے بقایاجات 320 کروڑ روپے ہیں۔

Weather

محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے کہا کہ آج ریاست کے مختلف اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے 5 دنوں کے دوران بھی ریاست میں یہی صورتحال برقرار رہے گی۔

Sridhar Babu

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے طوفان سے متاثرہ افراد کی مالی مدد کی فراہمی کیلئے آگے آنے کارپوریٹ اداروں پر دیا زور۔ اس موقع پر انہوں نے بھوپالا پلی، پدا پلی کے اضلاع میں بحالی کے کیمپ منعقد کرنے کی بھی ہدایت دی اور انسانی ہمدردی کے ناطے بارش سے متاثرہ افراد میں اشیائے ضروریہ اور ادویات تقسیم کرنے پر بھی زور دیا۔

OO